وزیر خارجہ فاروق احمد خان لغاری حال صدر پاکستان سابق وزیر اعظم غلام مصطفیٰ جتوئی

نوابزادہ نصراللہ خان سوڈان کے مذہبی رہنما ڈاکٹر حسن ترابی وزرائے اعلیٰ عرب زعماء اور تبلیغی جماعت کے اکابرین کا ورود مسعود اور حضرت مہتمم سے ملاقات و مذاکرات

☆ ۶ نومبر سابق وزیر خارجہ سردار فاروق احمد خان لغاری حال صدر پاکستان سابق وزرائے اعلیٰ سرحد جناب آفتاب احمد خان شیرپاؤ، جناب میر افضل خان اور جناب انور سیف اللہ صاحب دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے دارالعلوم کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ سے ان کی قیامگاہ پر ملاقات کی ملک کی تازہ ترین سیاسی صورتِ حال پر تبادلہ خیال کیا پھر ان کی معیت میں دارالعلوم حقانیہ کے تمام شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔

☆ ۷ نومبر تبلیغی جماعت کے عرب زعماء الشیخ محمد بن حمدان جو شیخ زائد النہیان کے داماد اور بھتیجے ہیں اور الشیخ عمر عادل شامی جن کا شمار مدینہ منورہ کے جید فاضل میں ہوتا ہے دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے دارالعلوم کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ سے دارالعلوم کے کتب خانہ میں ملاقات کی یہیں پر حضرت مہتمم نے انہیں ضیافت دی اہم علمی و دینی اور تبلیغی موضوعات پر سیر حاصل تبادلۂ خیال ہوا اس علمی اور روحانی مجلس میں شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد فرید، مولانا مفتی غلام الرحمن، مولانا انوار الحق، مولانا عبدالقیوم حقانی اور دارالعلوم کے دیگر اساتذہ بھی شریک تھے۔

☆ ۵ نومبر بزرگ سیاسی رہنما نوابزادہ نصراللہ خان صاحب اور سابق وزیر اعظم جناب غلام مصطفیٰ جتوئی نے اکوڑہ خٹک تشریف لائے متحدہ دینی محاذ کے سربراہ سینیٹر مولانا سمیع الحق سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور موجودہ سیاسی صورتحال اور صدارتی انتخابات جیسے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا مولانا سمیع الحق نے دونوں مقتدر سیاسی رہنماؤں کا ان کی آمد پر پرجوش خیر مقدم کیا اور دارالعلوم حقانیہ کے نئے زیر تعمیر سیمنار ہال اور ہاسٹلوں کا معائنہ کرایا دونوں رہنماؤں نے شیخ الحدیث مولانا عبدالحق کے بارہ میں ماہنامہ الحق کے خصوصی شمارہ کے بارہ میں نہایت خوشی اور مسرت کا اظہار کیا۔

☆ ۱۶ نومبر سوڈان کے ممتاز سیاسی اور مذہبی رہنما ڈاکٹر حسن ترابی نے مولانا سمیع الحق سے ملاقات کی دنیا بھر کے مسلمانوں کو درپیش مسائل اور چیلنجوں پر تبادلہ خیال کیا ڈاکٹر حسن ترابی نے ملاقات میں اس دعوت کی تجدید کی جو حکومت سوڈان نے کچھ عرصہ قبل مولانا سمیع الحق کو سوڈان کے دورہ کے سلسلہ میں دعوت دی مولانا سمیع الحق نے دعوت قبول کرلی۔ توقع ہے کہ مولانا دسمبر کے پہلے ہفتہ میں سوڈان کا سرکاری دعوت پر دورہ کریں گے اس دوران ۲-۳ دسمبر